OFFICE OF THE DISTRICT EDUCATION OFFIER(MALE)SWABI

NO._ ______DATED SWABI THE 21/12/2015

To

Director
Information Khyber Pakhtun Khwa.
Abdul Wali Khan Multiples, Civil Secretariat Peshawar.

Subject:- **TENDER NOTICE**.

Memo:-

Enclosed please find herewith the advertisement for the purchase of Furniture for the year 2015-16 for publication in three leading News Papers for favour of further necessary action please.

Encl:-(7 Copies)

District Education Officer
Male Swabi

Endost:No. 16511-13/
Copy forwarded to :-

1.Managing Director KPPRA with the request to place /upload the enclose tender notice on web site pl.
2.Deputy Director EMIS (E&SE)Khyber Pakhtun,Peshawar with the request to place /upload the enclose tender notice on web site pl.
3.Director E&SE Khyber Pakhtun,Peshawar.

District Education Officer
Male Swabi

AD-IV
For n/a please
22/12/15

دوبارہ ٹینڈر نوٹس

مالی سال 16-2015 کے دوران ضلع صوابی کے زنانہ و مردانہ تعلیمی اداروں کو ADP 257/140201 سکیم کے مد میں فرنیچر کی سپلائی کے لئے فرنیچر کے مینوفیکچرز سے ٹینڈر درکار ہیں جس کے لئے ٹینڈر دہندہ کو دو لفافے دینے ہونگے، ایک لفافہ جس کے اوپر ٹیکنیکل پروپوزل لکھا ہوگا اس میں سپلائر/فرم اپنا ٹیکنیکل پروپوزل (Technical Propsal) یعنی مرکزی یا صوبائی حکومت کے ساتھ رجسٹریشن جو ضابطہ رجسٹریشن کے تحت ہو، ٹیکس دہندہ ہونے کا ثبوت، تنظیمی پروفائل یعنی متعلقہ سامان میں تجربہ و سابقہ کارکردگی اور سپلائی کی تفصیل، گزشتہ تین سالوں میں مالیاتی پوزیشن بمعہ بینک اسٹیٹمنٹ، بہترین انتظامی صلاحیت اور مالیاتی یعنی تجویز والے لفافے میں مطلوبہ مالیاتی سیکورٹی CDR کی موجودگی کا حلف نامہ، دوسرا لفافہ جس پر مالیاتی پروپوزل لکھا ہوگا اس لفافے میں مالیاتی تجویز (Financial Proposal) یعنی ریٹ اور ڈی ای او (مردانہ اور زنانہ) کے نام دو فیصد CDR ہوگا۔ دونوں لفافے مورخہ 12.01.2016 کو صبح 11.00 بجے تک رجسٹرڈ ڈاک یا کسی بھی کوریئر سروس کے ذریعے ڈی ای او (مردانہ) صوابی کے پاس پہنچ جانی چاہیئے، دونوں لفافے نیچے دیئے گئے تفصیل کے مطابق دفتر ڈپٹی کمشنر صاحب ضلع صوابی میں ڈسٹرکٹ پرچیز کمیٹی کی موجودگی میں ممبران کے سامنے ٹینڈر دہندگان یا ان کے مجاز نمائندوں کے روبرو کھولے جائینگے۔

تفصیل: ٹیکنیکل پروپوزل (Techcnical Propsal) والے لفافے اُسی روز یعنی مورخہ 12.01.2016 کو ایک بجے کھولے جائیں گے تمام ٹیکنیکل پروپوزل کی جانچ کاری کی جائیگی، ڈسٹرکٹ پرچیز کمیٹی ٹینڈر دہندگان کی فیکٹری کا معائنہ کریگی جس کے نتیجے میں نااہل سپلائرز/فرمز کے پیشکش مسترد کر کے اُن کے فنانشل پروپوزل والے لفافے واپس کر دیئے جائینگے جبکہ معیار پر پورے اترنے والے فرموں کی فنانشل پروپوزل (Financial Proposal) یعنی ریٹ والے لفافے مورخہ 15.01.2016 کو صبح 10.00 بجے کھولے جائینگے اگر کسی بناء پر فنانشل پروپوزل کے ٹینڈر مقررہ تاریخ کو نہ کھل سکے تو پھر مورخہ 18.01.2016 کو بوقت صبح 10.00 بجے کھولے جائیں گے اور اگر کسی وجہ سے اُسی دن بھی نہ کھل سکے تو پھر اگلے دن مورخہ 19.01.2016 کو بوقت صبح 10.00 بجے کھولے جائیں گے، کامیاب ٹینڈر دہندگان سے ڈسٹرکٹ پرچیز کمیٹی ٹینڈر فارم میں دیئے گئے ساخت کے مطابق فرنیچر کی نمونہ جات طلب کرے گی۔

فنڈز برائے فرنیچر:

الف) فنڈز برائے ڈی ای او (مردانہ) سکولز -/36080000 روپے (برائے فرنیچر از قسم ٹیبلیٹ چیئرز/ٹیچر چیئرز)

ب) فنڈز برائے ڈی ای او (زنانہ) سکولز -/29938600 روپے (برائے فرنیچر از قسم ٹیبلیٹ چیئرز/ٹیچر چیئرز)

۱) بڈنگ فرم سیلز ٹیکس/انکم ٹیکس ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ رجسٹرڈ ہوں جس کی تصدیق شدہ کاپیاں بڈنگ ڈاکومنٹس (Bidding Documents) کے ساتھ جمع کرنا لازمی ہے۔ مزید یہ کہ فرم مذکورہ کا بڈنگ ڈاکومنٹس کے ساتھ سال 15-2014 کے لئے سیلز ٹیکس/انکم ٹیکس کلیرنس سرٹیفیکیٹ لگانا بھی لازمی ہے جبکہ ملاکنڈ ڈویژن سے تعلق رکھنے والے فرمز/بڈرز کو کمشنر انکم ٹیکس مردان ریجن سے ٹیکس استثنیٰ کا سرٹیفیکیٹ پیش کرنا ہوگا۔

۲) Bidding Documents ٹینڈرنگ فارم ہر لحاظ سے مکمل شدہ اور ہر صفحے پر بڈنگ فرم کی مجاز اتھارٹی کے دستخط و مہر لگے ہوں۔

۳) شیڈول پرائس کو یونٹ پرائس تصور کیا جائے گا۔ بڈنگ فارم پر آئٹم کی سیریل نمبر میں کسی قسم کی تغیر و تبدل ممنوع ہے۔

۴) ہر ٹینڈر فارم کے ساتھ مبلغ -/721600 روپے بنام ڈی ای او (مردانہ) جبکہ مبلغ -/598772 روپے بنام ڈی ای او (زنانہ) الگ الگ بحساب دو فیصد بطور ضمانت بشکل کال ڈیپازٹ کسی بھی بینک کے بینک ڈرافٹ یا پے آرڈر کی شکل میں جمع کرنا لازمی ہے۔

۵) جس فرم کا ٹینڈر/بڈنگ منظور ہو جائے تو وہ فرم ٹینڈر شدہ رقم کی 10 فیصد بشکل کال ڈیپازٹ الگ الگ بنام ڈی ای او (مردانہ/زنانہ) صوابی کے پاس جمع کریں گے۔

۶) بڈنگ فرم اپنے ٹیکنیکل اور فنانشل پروپوزلز سربمہر لفافوں میں وقت اور تاریخ مقررہ تک بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک/کوریئر سروس دفتر ڈی ای او (مردانہ) صوابی تک پہنچائے جس پر بڈنگ فرم آئٹم اور پیکیج کے نام واضح طور پر درج ہوں۔

۷) منظور شدہ فرم کو سات دن کے اندر اندر محکمہ کے ساتھ معاہدہ کرنا ہوگا بصورت دیگر جمع شدہ زرضمانت/کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کی جائیگی اور فرم کو بلیک لسٹ کیا جائیگا۔

۸) ٹینڈر پراسس (Single stage، two envelopes) ہوگا، پہلے ٹیکنیکل پروپوزل کی جانچ پڑتال ہوگی اور ٹیکنیکل پروپوزل کی بنیاد پر فنانشل پروپوزل کی جانچ پڑتال کی جائیگی۔

۹) بڈنگ ڈاکومنٹس/ٹینڈر فارم میں دی گئی تمام شرائط و ضوابط پورے ٹینڈر پر لاگو ہونگی اور جو نرخ بڈنگ ڈاکومنٹس میں دیئے گئے ہونگے وہ سال 16-2015 کے لئے ہونگے۔

۱۰) صرف وہی نرخ قبول کئے جائینگے جو محکمے کے مفاد میں ہوں اور آئٹم کے معیار برقرار رکھتے ہوں۔

۱۱) فرم/سپلائر کو کسی قسم کا کوئی ایڈوانس نہیں دیا جائیگا بلکہ انہیں جملہ ادائیگی تمام سپلائی ہر لحاظ سے مکمل اور کوالٹی کی تصدیق کے بعد ضلعی پرچیز کمیٹی کی منظوری سے کی جائیگی

۱۲) ضلعی پرچیز کمیٹی کو ایک یا تمام ٹینڈر منظور یا نا منظور کرنے کے اختیارات حاصل ہیں، مذید برآں چیر مین ضلعی کمیٹی کے پاس اختیار ہے کہ وہ ٹیکنیکل یا فنانشل پروپوزل کی بنیاد پر ٹینڈر کو منظور یا نا منظور کرے۔

۱۳) منظور شدہ فرم جس کو ورک آرڈر جاری کیا گیا ہو وہ متعلقہ سکولوں کو FOR کی بنیاد پر اپنے خرچے پر زیر نگرانی ڈی ای او (مردانہ/زنانہ) ایک ماہ کے اندر اندر سپلائی بمطابق شرائط وضوابط اشتہار ہذا و ٹینڈر فارم کام مکمل کرنے کے پابند ہونگے، بصورت دیگر کال ڈیپازٹ بحساب 10 فیصد بحق سرکار ضبط کی جائیگی اور دوبارہ ٹینڈر کیا جائیگا۔

۱۴) سامان / آئٹم کی تفصیلات و تخصیصات (Specification and Detail) ٹینڈر فارم میں دیئے گئے ہیں

۱۵) بڈ ڈاکومنٹس/ٹینڈر فارم اشتہار ہذا شائع ہونے کے اگلے دن ڈی ای او (مردانہ) صوابی کے دفتر سے حاصل کئے جاسکیں گے۔

نوٹ: تمام سپلائرز/فرمز خیبر پختونخواہ پبلک پروکیورمنٹ رولز 2014 کے تحت بڈنگ ڈاکومنٹس جمع کریں۔

جہان محمد ڈی ای او (مردانہ) صوابی

نغمانہ سردار ڈی ای او (زنانہ) صوابی

برائے چیر مین ضلعی پرچیز کمیٹی صوابی